ہم نے اس مرض کے اول درجے میں متورم جلد کی تہ سے سیرسس اکسیوڈے شن ہوتے دیکھا ہے جس سبب سے ہم پیشتر اس مرض کو محض کا مائیل اگلینٹ ہونا تصور کیا مگر بعد میں جب مقام ماؤف سے ہیپر شدت کے ساتھ خارج ہوتے پایا اور جانور کو اکثر ہلاک ہو جاتے دیکھا تو اس قیاس کو ترک کیا۔ یہ مرض گھوڑوں کے گال پر کان کے نیچے گردن پر اور گراٹن یعنے کنجہا سے ران یا بغل سے میں ہوا کرتا ہے۔ وہاں کی ایک سوراخ ہو کر سیپ نکلنے لگتے ہیں جب گال میں جب ہوتا ہے تب ایک طرف کا سارا گال سخت ہو کر خارج ہو جاتا ہے اور دانت نہ ڈوڑتے لگتے ہیں۔ ایسی حالت میں جانور کے تکلیف رفع کرنے کے لئے اسکو مار ڈالنا ہی بہتر سمجھتے ہیں۔ ہم نے اس مرض اکثروں میں ڈس ٹمپر کے چھٹا ہونے کے بعد ہوتے دیکھا ہے اور کبھی واضح ہو کہ لیوکی ی آر سی بی جیک نے پلز وٹرنری اسکول کے ان ٹوریں دو صاحب تحقیق

کیا ہے٭

TREATMENT.

علاج

جب یہ مرض کم شدت سے ہوتا ہے تو علاج کے کرنے سو بعض وقتیں جاتی رہی جاتے ہیں۔ اس مریض کو کونین اور لائی کوار آرسنک کیلیس پائشک جس سے پانچ گرین تک ایک گرین کا ڈوز کے ساتھ بار بار دینا اور پینے کے پانی میں کلوریٹ آف پوٹاش سفید میں گھاؤ یا زخم کا علاج حسب قاعدہ کریں اور غذا مقوی دیں۔

FURUNCLE.

فرانکل

فرانکلز یا بائلز یعنی ونبل جلد اور اسکے نیچے کے مادہ کے محدود سوزش ہے اور یہ جب مفرد ہوتا ہے تب اسکے ہونے کا سبب صرف مقامی ٹھہراتے ہیں مگر جب کئی ایک ہوتے ہیں تب انکو فرانکیولوسس کہتے ہیں اور اسکے ہونے کا سبب بجسم عام خون کی نادرستی سے ثابت ہوتا ہے اور یہ اکثر ان امراض کی تکرار میں پیدا ہوتے ہیں کہ جن سے جسم میں زیادہ نقاہت پیدا ہوتی ہے چنانچہ گھوڑا ای

* Annales de Med. Vet., 1875.

ڈائکل کا علاج

اسے بی ٹیز یعنے سلسلہ پل اور خاص اقسام کے بخار وغیرہ - اسکی اصلیت
یہ ہے کہ جلد کے سوڈوری پئیرس اور سی بے شس گلینڈز کے
عروق شعرہ مین تھرام بوسس یعنے انجماد خون ہوجاتا ہے اور اسکے
سبب سے اُن عروق کے گرد و نواح مین سوزش پیدا ہوتی ہے جسکا نتیجہ سپ
پوریشن یعنے ریم کی پیدایش اور جیسپڑہ خارج ہونا یا جنگا ہونے کیطرف مبیل
ایل ہوکر ڈائمینڈ بائیل یعنے انڈا ڈنبل مہیا کرتا ہے - ڈنبل اکثر ہر ایک قسم
کے جانورون مین اسکے ہر ایک مقام مین پیدا ہوتا ہے - اور خاصکر شتر مین
اسکی گردن کی جڑھ اور شانہ کے درمیان کے نشیب مین ہوا کرتا ہے - اسکو
شتربان ہی کرکے نام سے مشہور کرتے ہین علاوہ ازین جب اسُس جانور کے
پاؤن کے نیچے کی گدی مین ہوتا ہے تو اسکو رسس قرار دیتے ہین •

TREATMENT

علاج

اسکے اول درجہ مین السی کے پولٹس یعنے پھری یا دھتورا کا لیپ
لگانا مفید ہے بعدازان جب ریم پڑجاوے تب ڈنبل مین شگاف دے کر
پیپ خارج کردین اور سادہ مرہم وغیرہ لگادین •

MALIGNANT ŒDEMA.

مائیل اگنینٹ ایڈیمہ

یہ ایک قسم کا مستقل جی لا ٹی نس ایڈیمہ یعنے ورم ہے جو جسم کے مختلف حصون پر اور خاص کر ایک یا دو یا چارون پاؤن پر ہوتا ہے اور اکثر بعد کسی متعدی مرض جیسا کہ گھوڑے کا گلا سٹینڈرز اور ای کوائین انفلوانزا وغیرہ مین خون کے بگڑ جانے پر ہوتا ہے۔ علاوہ ازین سر کی چمڑی کے نیچے اور آنکھ کے پپوٹون مین۔ گھوڑون کے گلا سٹینڈرز اور شتر مین اینتھرکس وغیرہ ہونے کے بعد نمودار ہوتا ہے۔

اسکی پیتھالوجی یعنے اصلیت کے بیان مین یہ کہتے ہین کہ یہ ایک مادہ متعدی سیلولائی ٹس ہے جسکے ساتھ سیرس ایفیوژن موجود ہوتا ہے اور یہ حالت بگڑے ہوئے خون کا نتیجہ ہے۔ اسمین کوئی خاص طرح کا پھول یا پھوڑا نہین ہوتا مگر اس ایڈیمہ مین متعدی جستی طرح اسکی موبس یعنے سیاہ چتیان اور پھیلے ہوئے اکثر اوسے سے شنز اور وہان فرکشنز باہم سب سیرس اور سب میوکس پی ٹی کی ای کے پائے جاتے ہین۔

بموجب ڈاکٹر کاک صاحب کے بے سی لس ایڈیمی ٹس سے جو بعض دفعہ مٹی کی اشیاء مین پایا جاتا ہے بطور آزمایش کے جانورون کے جسم مین ان اکسیولیٹ کرنے پر وہی مرض پیدا کرتا ہے جسکو مائیل اگنینٹ ایڈیمہ قرار دیتے ہین جو کسی قدر انتھرکس سے مشابہت رکھتا

ہے

گزشتہ صدی میں ایک مرض جنرل کیٹارل اینڈیما کے نام سے مشہور تھا جس
کا ذکر اب نہیں کیا جاتا۔ جس مرض میں بیرگردے قلب یا دیگر حصص کے سیال
بہنے کے جسم کے سیلولر ٹشو کا اینڈیما سردی یا دیگر موجبات پیدا کرنے
والی خاصیت کے سبب سے ہو جاتا ہے۔ اور یہ خود بخود چنگا ہونے کی طرف مائل ہوتا
ہے۔ اور اسکے چنگا ہونے میں مدد دینے کے لئے ٹانک ادویات مفید ہیں۔

ہم نے ایسا مرض کئی ایک بار گھوڑوں میں ہوتا دیکھا ہے۔ اور بعض میں
باہم اسکے خون کی تبدیلی اور ظاہری جھلیوں میں پی ٹی کی ای یعنی
سیاہ چتیاں نمودار ہوتی ہیں جو خود بخود یا ٹانک ادویات سے رفع ہوتی ہیں۔

CHAPTER VI.

باب ششم

DISEASES OF BONE.

ڈزیزز آو بون یعنے امراض استخوان

CONGENITAL MALFORMATIONS.

کان جے نی ٹل مال فارمے شن آو بونز

یعنے ہڈیون کی خلقی بے ترتیب بناوٹ

یہ اوقات ہڈی کے مختلف اجزاء کے زیادتی بڑہاؤ وو م ادن کی کمی بڑہاؤ سے یا بے ترتیبی بڑہاؤ کے سبب ہوتی ہے ✤

INFLAMMATION OF BONE.

انفلامیشن آو بون یعنے سوزش استخوان

سوزش ہڈی کے ملایم حصون مین خواہ اوسکے پری آسٹ - ٹی یم

یعنے بیرونی جھلی اور اسکے میڈلری ممبرین یعنے گودے کی جھلی مین ہوتی ہے . بعضون مین یہہ دونون جھلی اور بعض مین صرف ایک ہی ماؤف ہوتی ہے اور جس حالت مین دونون جھلیون پر سوزش لاحق ہوتی ہے تب ساری ہڈی سوزش کے علاقے کے اندر آجاتی ہے جس کا ایک عام اصطلاحی نام آس ٹائے ٹس ہے اور جب صرف پیری آسٹی ام مین سوزش لاحق ہوتی ہے تب اوسکو پیری آس ٹائی ٹس کہتے ہین اور میڈلری ممبرین کی سوزش کو آسٹی او مائی لائی ٹس کے نام سے مشہور کرتے ہین موخر قسم کی سوزش گودے کے بڑھاؤ کے ساتھہ ہڈی کے چھوٹے خانہ دار بناوٹ تک داخل ہوتی ہے ؀

PERIOSTITIS

پیری آس ٹائی ٹس

اس قسم کے مرضی تبدیلی اسپان کے جوڑ کے تجربہ مین اکثر پیش آتی ہے اور بہت سے گھوڑے اسی کے سبب لنگڑے ہوتے ہین یہہ خواہ صدوقی یا غیر صدوقی ہوتی ہے ؀

VARIETIES.

ویرائی ٹیز یعنے اقسام

اسکو بیان کے لئے دو عام اقسام مین تقسیم کرسکتے ہین . ایک

پیری آسٹائی ٹس کے اقسام

سمپل یعنے سادہ اور دوسرا اس پی سی فک یعنے ذاتی یہ پھر ایکیوٹ یعنے حاد سب ایکیوٹ اور ایلبیومینس یا سیرس قسم میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(۱) **ایکیوٹ پری آسٹائی ٹس** - اس حالت میں ورم گرمی سرخی اور درد موجود رہتے ہیں - اور یہ اکثر ایک ہفتہ کے عرصہ میں جاتی رہتی ہے مگر بعض اوقات کسی قدر زیادہ مدت تک بھی قایم رہتا ہے۔

(۲) **سب ایکیوٹ پری آسٹائی ٹس** - اس حالت میں اکثر درد خفیف اور سوزش کے علامات نمودار نہیں ہوتے اور ہمیشہ اسکے دفعیہ ہونے کے بعد کوئی نشان نہیں رہتا جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پری آسٹی ام کا آسٹی او جے نی ٹک لے ر یعنے ہڈی کے بیرونی تعلق کا ہڈی پیدا کرنے والا حصہ مرض مذکور میں شریک نہیں ہوتا یہ بموجب ہسٹالوجی کے ریشہ دار مادہ سے بنا ہے۔

(۳) **ایلبیومینس یا سیرس پری آسٹائی ٹس** - اس حالت میں لعاب دار یا آبی رطوبت رنگت میں نکلی سیرس یا ہیڈ رونیل کے عرق کے مثال پیری آسٹیم کے نچلے پرتون پر لمبی ہڈی کے درمیانی حصہ پر یا اسکے سروں کے قریب ہی جمع ہو جاتی ہے جس سبب سے رفتار میں جلد اور بعض مادہ کے گہرے ریشے پر ولک اور ہڈی سے اتصال ہو جاتا ہے اور اسکا رفتار سست اور دوبارہ پیدا ہونے کی طرف مائل رہتا ہے بلکہ جب زخم کی شدت کے سبب سے ہوتا ہے تب اس میں پیپ کی پیدائش بھی ہو جاتی ہے - یہ سیوڈو سٹس یعنے نقلی رسولیاں بعض دفعہ زیرین جبڑے کے پیری آسٹی ام میں بھی لاحق ہوتی ہے۔

(۴) جب ہڈی اور پیری آسٹی ام کی سطح پر خراش اور سوزش ہو جاتی ہیں تب اس مقام پر از سر نو ہڈی پیدا ہونا شروع کر دیتی ہے اسلئے اس قسم کو آسی فائینگ پیری آسٹائی ٹس کہتے ہیں جو جزو میں اثر پیش آتا ہے۔

(۵) اس پیسی فک پیری آسٹائی ٹس اس قسم کو کہتے ہیں کہ جو باہم یا بعد کسی خاص مرض کے جیسا کہ ریو ماٹزم۔ ٹیوبرکل یا انیمیا۔ گلانڈرز۔ انفلوانزا وغیرہ کے ہوتا ہے۔

GENERAL CHARACTERS.

جنرل کیرکٹرز یعنے عام خاصیتیں

یہ اپنی خاصیت میں محدود یا پھیلی ہوئی ہو اور سپ پورے ٹو یعنے پیپ پیدا کرنے والی اور آسی فائینگ یعنے ہڈی میں تبدیل ہو جانے والی ہو۔

CAUSES.

کاز یعنے اسباب

اسکے اسباب کئی ہیں چنانچہ ٹرامیٹک اور اس پی سی فک یعنے زخم اور ذاتی خاصیتیں کا ان کشن یعنے دھمک اس ٹرینے ٹنگ یعنے سوزش اور اسپر ٹھنے والے بخارات اور سنو ویل ممبرن کی

سوزش کے بڑہاؤ سے ان مین سے ایک یا کل اسکے باعث اسباب ہو سکتے ہین - پیری
آسٹائی ٹس فراکچرز یعنے ہڈیون کے ٹوٹنے کے بعد ہمیشہ ہوا کرتا ہے اور
اکثر پیری آسٹی ام کی سوزش کے وسیلے سے ٹوٹی ہڈی جٹتی ہے پیری
آسٹائی ٹس کے جسمی اسباب ٹیوبر کل - روماٹیزم - مرکیوری آل
ایزم - اور زیموٹک امراض ہین ۔

CLINICAL CHARACTERS.

اکلی نی کل کیرکٹرز یعنے مریض کے بستر کے متعلق کی خاصیتین

ڈیری زری تجربہ مین پیری آسٹائی ٹس اکثر میٹے کارپل
اور میٹے ٹارسل بونز یعنے پیدل نلی کی ہڈیون مین نمودار ہوتا ہے - اور خصوصاً
کو گھوڑ دوڑی گھوڑون مین زیادہ مشقت اور تاؤ اور کسیقدر دھمک کے سبب
بھی واقع ہوتا ہے یہ نئے گھوڑون مین اکثر کر ہڈیون مذکورہ بالا کی پیشش کی
ساتھ گھٹنے اور گھونچ کے نیچے پائے سے اور پیدا ہوتا ہے ۔

SYMPTOMS

سمپٹمز یعنے علامات

یہ تفصیل ذیل مین یعنے شدت کا لنگ نامعلوم ہے یہ ہوا ہو کر سخت
زمین پر ٹھوکر دینے سے ماؤف مقام مین گرمی اور درد اور کسیقدر ورم کی
جب سوزش ملیشمہ ہیڈ سس ٹنڈن کے نیچے ہو تو ورم کم ظاہر

TREATMENT.

ٹریٹ مینٹ یعنے عـلاج

علاج مختلف اقسام کے کئے جاتے ہین مگر سب سے ایک ہی مراد ہے یعنے سوزش کا دفع کرنا۔ اندرونی مسہل اور کم مقدار مین ہلکی غذا بیرونی دوا گرم اور بعض سرد چیزون کا استعمال کرنا۔ اگر گرمی کے پڑنے پر بعض مین لے سی ٹم کسن تھرو ڈیزی کی مالش کرنے سے اور بعض مین سوپ لینیمنٹ اور ٹنکچر اف ایوڈین مساوی حصہ ملا کر روزمرہ لگانے سے بھی فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اگر درد شدید ہو تو نشتر کے ذریعہ پری آسٹئام مین شگاف کر دینے سے اسکا تناؤ کم پڑجائیگا۔

RESULTS.

ری زلٹس یعنے نـتائج

پری آس ٹائی ٹس خواہ سپوریشن یا آسی فی کے شروع مین تمام ہو سکتا ہے۔ اسلئے اسکو سپیوریٹو پری آس ٹائی ٹس اور آسی فائنگ پری آس ٹائی ٹس کہتے ہین۔

DIAGNOSIS.

ڈائیگنوسس یعنے تشخیص

سب پری آسٹیل ایب سیس کی شناخت بعض دفعہ مشکل سے ہوتی ہے اور ان ذریعوں میں کہ جن پر ظاہر نشان نہیں موجود نہیں ہوتیں اسکی تشخیص تو درد اور زیادہ تر مقام ماؤف پر ٹریفائنگ اور ایکسپلورنگ نیڈل کے وسیلہ سے ہو سکتی ہے۔ بہت سے مریضوں میں مقام ماؤف کی ہڈی کا کچھ حصہ موٹا ہو جاتا ہے مگر یہ حالت صرف ہڈی کے بیرونی سطح پر ہوتی ہے۔ سینوویٹ پیری آسٹائی ٹس کے ساتھ اکثر پیپ پڑتے بلکہ سِنس موجود ہوتا ہے۔

OSTEOMATA, OR BONE TUMOURS.

آسٹی اومیٹا یا بون ٹیومرز

بلحاظ ریش استقراقی اعتبار

آسٹی اومیٹا کو اوّل آئیوری ایکزوسٹوسس - دوم ایکسپانسیو ایکزوسٹوسس - سوم اینڈو اسٹوسس - چہارم پیری آسٹوسس میں تقسیم کرتے ہیں۔

HYPEROSTOSES.

ہائی پر آسس ٹوسس

ہائی پر آس ٹوسس ہڈی کے ہائی پرٹرفی کو کہتے ہیں جو اکثر چھوٹی ہڈیوں کے ابھاروں پر ہوا کرتا ہے۔ چنانچہ اسپلنٹ بونز کے بالائی سرے اور ٹی بی آ کے میلی اولائی اور بعض ہڈیوں کے ابھاروں پر یہ ہڈیوں کے اصلی ابھار کا ایک بڑھاؤ ہے۔

EXOSTOSES

ایکس آسس ٹوسس

اس نام سے ہڈی پر از سر نو ہڈی کے ابھار کو مشہور کرتے ہیں۔ یہ ایک عام قسم کا استخوانی ٹیومر یا بڑھاؤ ہے۔ جو اکثر ڈے شیری نے ٹری پراکسس میں دیکھا جاتا ہے۔ اور دو قسم میں منقسم ہوتا ہے جیسے آئی بر نے ٹڈ۔ کینسل لے ٹڈ اور کم پیکٹ۔

(۱) آئی بر نے ٹڈ وہ ہیں جو سختی میں ہاتھی دانت کے مانند ہوتے ہیں اور بعض دفعہ سر اور جاڑے کی ہڈیوں پر نمودار ہوتے ہیں ان کی بناوٹ نہایت سنگین ہے ورشن کانالز بہت باریک اور ان میں خون کی آمدنی نہایت کم ہوتی ہے۔

(۲) کینسل لے ٹڈ بڑھاؤ ہڈی کے کینسل لے ٹڈ بناوٹ

کی مانند ہوتا ہے اور خاصکر اُسی بناوٹ سے شروع ہوتا ہے اور یہہ بعض وقت
ہڈی کے میڈولری کنال سے تعلق رکھتے ہیں •

(۲) کمپیکٹ بڑھاؤ ہڈی کے کمپیکٹ بناوٹ کے مشابہ ہوتے ہیں اور اکثر اُسی
بناوٹ سے شروع ہوتا ہے - اِس قسم کا مریض اُبھار کھوپڑی میں اکثر پایا جاتا ہے •
بعضوں میں ایک قسم کا ایکس اس ٹوسس دوسری قسم
میں مل جاتا ہے •

ENOSTOSES.

این آسٹوسس

یہہ ہڈی کے اندرونی حصہ کا بڑھاؤ ہے جو صرف شاذ و نادر ہوتا ہے •

PAROSTOSES.

پیرا اسٹوسس

یہہ اُبھار پیری آسٹی ام سے شروع ہوتا ہے •

CHARACTERS OF EXOSTOSIS.

ایکس اسٹوسس کی خاصیتیں

ایکس اس ٹوسس خواہ جمع یا مفرد یا محدود یا پھیلا ہوا ہوتا ہے
بعض شکل میں مخروطی اور بعض پپے ڈنکیولیٹڈ یعنی اوپر موٹا اور جڑ پتلی

اور بعض بونس سالڈ یعنے ٹھوس اور تمام یکسان ہوتا بعض ڈس کریٹ
یعنے ایک دوسرے سے جدا اور بعض کان فلو اینٹ یعنے باہمدیگر جڑے ہوئے
بہت سے بڑے استخوانی زائدے چھوٹے ابھاروں کی وساطت سے مرکب ہیں ان کی
شکل رباطات اور نسوں کے دباوٹ سے ترتیب پکڑتی ہے اور بعض میں رباطات
اور نسیں ان ہڈیوں کو بائی فڈ یعنے دو حصوں میں تقسیم کر دیتے ہیں اور بعض میں اتصال
انجار رباطات اور نسیں بجائے اوپر سے محراب کے مثال گذر کر ایک استخوانی مکان پیدا کرتا
ہے ۔ اِن کی دباوٹ سے فزیری اعضاء جنکے ساتھ یہ لگے رہتے ہیں جذب ہو جاتے ہیں
اور اسی دباوٹ سے ٹیوبز یعنے نلیان بھی بند ہو جا سکتی ہیں جب یہ ایک دفعہ ابھار
لیتے ہیں تو بعد اسکے دوبارہ پیدا نہیں ہوتا ۔ علاوہ اس حالت کے کہ جب ایم ... غدہ
یا مروق وغیرہ سے علاقہ رہتا ہے یہ ایکس اسٹوسِس ہر ایک جانور
میں اور ان سے جانوروں میں بھی جو کبھی ایکمروز کی محنت نہ کیا ہے پائے
جاتے ہیں گھوڑوں میں استخوانی زائدوں کی پیدایش کی طرف مائل ہونا ایک مخصوص
خاصیت ثابت ہوتی ہے ۔

JURISPRUDENCE.

جیورِس پروڈنس یعنے علم متعلق عدالت

بموجب قانون کے کل اقسام کے ایکس اسٹوسِس کو نا تندرستی
یا عیب ثابت کرتے ہیں ۔ مگر استثنائی طور پر تصور کیئے سے اس عیب کے درجے
پیروں کی بناوٹ اور حرکات کی عمل اندازی پر بلحاظ جانور کی پیشتر کی سرگذشت عدالت
کرتے اور عمر پر ہی منحصر ہونگے ۔

ایکسائی ٹنگ کازیز یعنے راغب اسباب

یہہ بموجب تفصیل ذیل ہین۔ چنانچہ نقص عادت کا سوزش سے تعلق رکھنا یا مکان بیچ ضربہ دھکہ یا واردات پہونچنا اس مرض کیطرف جسقدر متوجہ ہوتے ہین باستثنا کوئی اور جالہ متوجہ نہین ہوتا۔ بعضدفعہ پیپرے یا ٹے گھوڑون مین کویک کے بعد یہہ مرض ہوا ہوتاہے تب اُنسمات مین پائی ایک سی آئیسے بخار کے سبب سے استخوانی بناوٹ کی پرورشش مین مادہ جسم کی عام پرورش مین فرق پڑنے سے پیدا ہوتاہے اس مرض مین درد صرف اُسی حالت مین ہوتاہے کہ جب تک سوزش موجود رہتی ہے اور بعد ازان درد جاتا رہتاہے بشرطیکہ استخوانی بڑھاؤ کسی قسم باد یا عصب سے مخل نہو۔ استخوانی بڑھائی خاصیت معدود ایک حالت کے جو اسپلنٹس مین دیکھی جاتی ہے قایم رہنے کی ہے ؛

DIAGNOSIS.

ڈائیگ نوسس یعنے تشخیص

ایکی تشخیص کے لئے کسی خاص ہڈی مین زیادتی بڑھاؤ دیکھکر شکنا نہ چاہئے کیونکہ اس حالت کو ہائی پراس لوسس کہتے ہین جسمین ہڈی کی اصلی بناوٹ بڑی ہوتی ہے جیسا کہ بعض دفعہ اسپلنٹ بونز کے بالائی اور زیرین سرون اور ٹیبیا کے میلی اولائی اور آس سفرائیڈ جینس مین ہوا کرتی ہے مگر ریعنی بڑھاؤ مین رہنے دونون پاؤن کو مقابلہ کرنے سے اُبھار ہڈی مین فرق نظر آتاہے ؛

TREATMENT.

ٹریٹمنٹ یعنے علاج

کاونٹر اریٹیشن بار بار بطور بلسٹرز کے یا شیئن یا داغ
لگا دینے وغیرہ دیتے ہیں۔ علاوہ اسکے کئی ایک اور طریقہ میں چنانچہ سب کیو
ٹے نی اس پیری آسٹی اوٹومی جلد کے نیچے اوچھا نور کھال کی یا
چھینی سے چھیل ڈالنا یا چیر کرنا۔ ستر امن سے کاٹ ڈالنا۔ یا کسی چیز سے اسکو
دیر تک مسلتے رہنا تاکہ اسمیں سوزش پیدا ہوکر جذب ہو جائے یا اسپر گدی
یا سیسہ کے پتہر سے دباوٹ پہنچانا ۔

METACARPITIS, OR "SORE SHIN."

میٹاکارپائی ٹس یا سور شن

یہ میٹاکارپل اور میٹاٹارسل بونز یعنی اگلے اور پچھلے پیرون کی
نلی کی ہڈیوں کے تعلق کا پیری آسٹائی ٹس ہے جو اکثر گھوڑدوڑی اور
شکاری گھوڑون میں دیکھا جاتا ہے۔ اسکی پیدائش زیادہ تناؤ اور دھمک کے
سبب سے ہوتی ہے گھوڑون میں ان کو نکالنے کے وقت اکثر ہو جاتا ہے ۔

اسکی علامات بتفصیل ذیل ہیں یعنی لنگ خصوصاً سخت زمین پر رفتار کرنے
کے وقت اور مقام ماؤف میں درد اور گرمی

اسکے علاج میں گھوڑے کو آرام اور مسہل اور مقام مختل پر دافع سوزش
ادویات لگانے واجب ہیں ۔

نتیجہ۔ اکثر ڈفیوزڈ ایکس آسٹوسس ہے اس حالت کا
لنگ سوزش کے دفع ہونے پر ہفتہ یا دو ہفتہ میں جاتا رہتا ہے اور تجربہ سے ثابت
ہے کہ سور شن خراب نسل کے گھوڑون کی نسبت اچھی نسل والوں میں ہمیشہ
زیادہ ہوا کرتا ہے۔ ایکس آسٹوسس جیسا کہ وہ پیدا ہو جاتا

ہے جو ہمیشہ قایم رہتے ہیں سواے اُن اسپلنٹر کے جو بعض دفعہ فرزیادہ ہوتے
پر جاتے رہتے ہیں ❖

دیکھو انتخاب نمبر سورشن کا جس نام سے انگلش وٹیری
نری از رمض مذکورہ بالا کو مشہور کرتے ہیں اور وہ حقیقت میں ہمیشے
کارپس کو مرجوش کرنے والے پیری آسٹی ام کی گہری سطح کی سوزش
ہے ❖ ایم کیلینی صاحب نے گھوڑوں کے سورشن کے مباحثہ میں رایے دی
ہے کہ یہ ری کروشن یعنے نئے ہڈی ہونے سپاہی کے جھیا کی پیری آسٹائٹس
کے متعلق ہے جو اُن میں چلنے کے سبب سے پیدا ہوتا ہے۔ بارمن کے
وی بر صاحب یقین کرتے ہیں کہ یہ نہ تو پیری آسٹائٹس اور نہ
آسٹائٹس کہ ایکسٹنسر ٹنڈنز کا معلول ہوتا ہے بتاتے ہیں ❖

SPECIAL FORMS OF EXOSTOSIS.

خاص اقسام کے ایکس آس ٹوسس

CARPAL EXOSTOSIS.

کارپل ایکس آسٹوسس یعنے بستونی زانو

کارپل ایکس آس ٹوسس یا کارپل اکسا سٹو سیس کی نسبت
بہت کم ہوا کرتا ہے اور یہ موروثی خاصیت یا ریو ماٹزم یا اتفاقی ضرب و
صدمہ کا ایک نتیجہ ہے اور یہ ٹارسس کے ایکس آسٹو سس
ہڈی کے مانند جب کا غضروف کی حرکت میں وقتاً و جیتے ہیں تب ہڈی بند ہو جاتی ہے
لنگ نہیں پیدا ہوتا۔ بعض تجربہ کار ایس ایکس آس ٹوسس کو نسبت

زانو

کی اندر سیرت واقع ہونے پر فی اسپاون کہتے ہیں مگر یہ الفاظ نامعتبر ہیں

Fig. 56.—Carpal Exostosis.

PATHO-BIOLOGY.

پے تھو بائی آلوجی

ایکس آسٹوسس کی موروثی خاصیت کی بابت مینھ آلوجی میں ایک مباحثہ ہے تاہم شک نہیں کہ اس سبب سے اکثر میں مذکور کیطرف جانور متوجہ رہتا ہے کہ یہ مرض بہت دفعہ متعاقی مزاش سے پیدا ہوتا ہے۔ تاہم یہ کیفیت بخوبی ظاہر ہے کہ کسی ایک خاص نسل کے گھوڑے خاص طرح کے مرض کیطرف رجوع رہتے ہیں مگر بلاشک سب سے زیادہ ایکس آسٹوسس کیطرف متوجہ ہوتے ہیں ؛

"SPLINTS," OR "SPLENTS."

اسپلنٹس یعنے پیر ہڈی

یہ ایکس آسٹوسس میٹے کارپل بونز یعنے نلی کی تینوں ہڈیوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور حقیقت میں کشیون کے مثال تینوں ہڈیوں کو مضبوط بایکدیگر جوڑ دیتے ہیں۔ یہ ہڈی ہر ایک قسم کے گھوڑوں میں پائے جاتی ہیں مگر اسکی پیدایش اکثر دو برس اور پانچ برس کی عمر کے درمیان ہوا کرتی ہے یہ شاذونادر بچوں میں اور بڈھے گھوڑوں میں بھی موجود ہوتی ہے اور پچھلے پیروں میں گاہ گاہ مگر اگلوں میں اکثر ہوا کرتا ہے اور باہر کیطرف کی بہ نسبت اندر کیطرف زیادہ ہوا کرتی ہے کیونکہ وہ اندرونی اسپلنٹ بون

* Journal de Med. et de Chirurgie Pratiques July, 1885.

† A very excellent article in the Veterinary ... in Diseases of ... in the Revue for Tierheilkunde und

اسپلنٹس کے اقسام و اسباب

جسم کے بوجھ کو پیچھے پہنچاتے ہیں اور سپلنٹ اسپر زیادہ دھمک پہنچتا ہے - دوم اندرونی طرف دوسرے پاؤن کا ضرب پہنچتا ہے - سوم اندرونی اسپلنٹ بون کا بالائی سر چھوٹا ہوتا ہے اور اسپر تمام شیلی ڈیلوئڈ ہڈی کا کچھ حصہ اس ٹخنہ کا بوجھ پہنچتا ہے - بیرونی اسپلنٹ بون صرف کچھ حصہ اَنسی فارم کے بوجھ کو سہتا ہے ۔

VARIETIES

اقسام

اسپلنٹس جب صرف ایک ہی ہڈی کے سطح پر ہوتے ہیں اور انکی آس پاس کی بناوٹ سے تعلق نہیں رکھتی ہیں - تب انکو سمپل یا سادہ کہتے ہیں اور جب یہ دو ہڈیون سے تعلق رکھتے یا اس مقام کے کسی ضروری بناوٹ پر جیسا کہ سوسپنسری سے یا لگیمنٹ یا ٹنڈنز یا گھٹنہ کی گانٹھ پر دخل دیتے ہیں تب انکو کامپلکس ہوتے ہیں - اسپلنٹس خود بشکل یعنی ایک یا مٹی پل یعنی کئی ایک یا کونسکریٹ یعنی جدے جدے یا کان فیلوئنٹ یعنی باہم کچھ جڑے ہوئے ہوتے ہیں ۔

GENERAL CAUSES.

عام اسباب

اسپلنٹس اکثر ان گھوڑوں میں ہوتے ہیں کہ جنسے شروع عمر کو نہایت تیزی کے ساتھ محنت لیجاتی ہے - یا بعد میں سواری میں ہوتے ہیں - انکا اصلی اسباب

دھمک - سیپ - اور ضرب ہے جو اکثر پاؤں کے اندر کی طرف واقع ہوتے ہیں -
اسپلنٹس بعض اوقات خود بخود بھی پیدا ہو جاتے ہیں - انکا پری ڈسپس
پوزنگ کاز یعنی اسکی مرض کیوں پیشتر سے تیار ہوتا سبب - اسپنجی
ڈوائی اسے بھی ڈسپ بیئرنگ یعنی مرض قوی پیدا کرنے کی جسمانی خاصیت ہے۔

CLINICAL SIGNIFICANCE

کلی نی کل دلالت

اسپلنٹس جو جب کلی لنگ کے پیدا ہونے کے بعد اگر کسے ہاتھ یا
فلکسر ٹنڈنز یعنی سسپنسری لگیمنٹ سے نیچے نار سل - اور
میٹا کارپل بونز - یا انٹیریئر کارپل اور انٹیریئر میٹا کارپل
لگیمنٹس پر دخل نہ دیتے ہوں تو کچھ خلل نہیں کرتے ہیں بجز ان
میں چھوٹے سے نٹ نار سل اور میٹا کارپل بونز جب وہ نئے ہنوز
ملوث کے نشین ہونے کے سبب سے اتصال پا جاتے ہیں - اور اسکے سبب
سے کچھ لنگ نہیں ہوتا - سب سے بڑا قسم کی بیرونی وہ ہے جو سسپ
میں سٹوری لگیمنٹ کے نیچے پیدا ہوتی ہے اور چھوٹی بیرونی الٹ دی کی
نسبت زیادہ لنگ پیدا کرتی ہے - اگر بیرونی ہڈی کی اندرونی سطح کے اگلے حصہ
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

ب شکایات مین زیادہ وقت رہتا ہے ۔

PROGNOSIS.

پراگنوسس یعنے پیشگوئی

نئے گھوڑون مین پرانون کی نسبت پیشگوئی خاطر خواہی کے ساتھ ہو سکتی ہے جب پر ہڈی نلی کے اندرونی سطح کے پیشی کے حصہ پر ہو دو گھٹنے سے دور اور کسی مزوری بناوٹ سے تعلق نہین رکھتی اور استخوانی ابھار کے بڑھنے کا عرصہ گزر گیا ہو اور گھوڑے کو زور سے دوڑانے پر لنگ نہ دے تو ایسے گھوڑے کو بیکار یا خراب نہ ٹھہرانا چاہیے پرانے گھوڑون کی پر ہڈی اور وہ جو دوبارہ بڑھنا شروع کرتی ہے اکثر زیادہ دقت دیتی ہے ۔

DIAGNOSIS.

ڈائی ایگنوسس یعنے تشخیص

جب پر ہڈی قیامی لنگ پیدا کرنے والی ہوتی ہے تب اسمین ایک بڑی خاصیت یہ پائی جاتی ہے ۔ کہ گھوڑے کو آرام دینے سے فایدہ ہوتا ہے ۔ اور جلد مین ڈکی دینے پر لنگ نہین دیتا ۔ مگر پھر ایک ہی روز کے سخت محنت سے شدت کے ساتھ لنگ دینے لگتا ہے ۔ ایسے گھوڑے سخت زمین کی نسبت نرم زمین پر اچھا ڈکی دے سکتے ہین ۔ اور ڈکی کی نسبت قدم قدم رفتار کرنے مین لنگ بہت کم ظاہر ہوتا ہے ۔

پر ہڈی کے حال کی تشخیص مین بہت دفعہ شانے کے لنگ کا شک ہو جاتا

چونکہ ان حالات میں جانور اس پیر کو سختی کے ساتھ اٹھاتا ہے اور درد باز رکھنے کے
لئے پیر کو باہر کی طرف پھیلا کر نیچے ڈالتا ہے اور جب پیر کی ہڈی گھٹنے پر دخل دیتی ہو
تب پیر کو باہر کیطرف پھیلا کر ڈالنا اور سختی سے آگے بڑھانا زیادہ ظاہر ہوتا ہے ٭

SYMPTOMS.

سمپٹمز یعنے علامات

پہلے سے پیر کی ہڈی کی مانند بغیر لنگ ظاہر کرنے کے پیدا ہو جاتی ہیں خصوصاً
جب وہ اپنی گرد و نواح کے مزوری بناوٹ پر دخل نہیں دیتی ہیں۔ مگر بعض اوقات
نہایت چھوٹی سی پیر کی ہڈی شدید لنگ پیدا کرتی ہے اور لنگ اکثر ویسی حالت
میں زیادہ متواتر ہوتا ہے کہ جب پیر کی ہڈی گھٹنے کی گانٹھ سے لگی ہوئی ہوتی ہے خصوصاً
انہیں جب پیر کی ہڈی دونوں **اسپلنٹ بونز** کے درمیان نلی کی بڑی ہڈی کی
پچھلی سطح پر پیدا ہوتی ہے تو **سسپنسوری لگمنٹ** پر دخل دیتی اور
قیامی لنگ پیدا کرتی ہے اور بڑی چھوٹی ہڈیوں کے درمیان پچھلی سطح پر پیدا ہونے
سے بھی یہی کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔ پیر کی ہڈی کا لنگ بہت دفعہ **انٹرمیٹ
اینٹ** یا وقتی یعنے گھوڑا کسی وقت لنگ کرتا ہے اور کسی وقت نہیں کرتا اور رفتار
میں گھوڑا پاؤں کو خواہ گھوما کر یا باہر کیطرف پھیلا کر سختی سے بڑھاتا ہے اور قدم
قدم چلنے پر لنگ نہ دیتا ہو لیکن اسکی پیٹھ پر سوار ہو کر دلکی دینے سے زیادہ لنگ ظاہر
ہوتا ہے ٭

پیر کی ہڈی کو ٹٹولنے کے لئے صرف زمین پر رکھکر ٹٹولنا کافی نہیں بلکہ پاؤں
کا زمین سے اٹھا کر اپنے ہاتھ کی انگلی اور انگوٹھا پچھلی نلی کی لمبائی کے برابر

اوپر سے نیچے تک دو ڈالیجانا چاہئے اور اسکی سوزش کے درجہ مین مقام متوف پر خفیف دباؤ سے بھی کمپریس اور آئیوڈین کو باہر کے ضمیر کھینچ لیگا۔

RESULTS.

رزیلٹس یعنے نتائج

بریڈی برف نشاذونادر رباطات اور نسوں کو اپنے اندر دبا کر پکڑ رکھتی ہے۔

TREATMENT.

ٹریٹمنٹ یعنے علاج

انکا علاج ہو بہو ویسا ہی ہوتا ہے جیسا اور اقسام کے ایکسوسٹوسس کا ہوتا ہے۔ اسپر مینٹسر کی آزمایش بار بار کرنا چاہئے علاوہ ازین بیرو فلکچر اور سبکیوٹی اسس بریاسٹی آٹومی۔ سی کنشر وغیرہ بھی استعمال مین لاتے ہین اور پھر پہ دھمک لگنا باز رکھنے کے لئے سم پر ۳/۴ حصہ کا نعل لگاتے ہین۔ یا اندر کی آرب برینگ یعنے چھلا نعل کے نیچے دیتے ہین۔ فرانسیس کے جراح بریڈی کو چھینی اور مارتول کے ذریعہ سے کاٹکر نکال دیتے ہین۔ مگر یہ تجربہ سے بعض دفعہ خلل واقع ہوتا ہے اور بعد مین بریڈی زیادہ بڑھ جاتی ہے جب بریڈی چھوٹی تب اسیپرٹینی کے ذریعہ سے اسپی ڈی کٹنگ باز رکھنا چاہئے۔

PHALANGEAL EXOSTOSES.

فےلن جی ایل - ایکس آس ٹوسیز

یہ ایکس آس ٹو سیز رِنگ بونز یعنے چھلاوں کے نام سے مشہور
ہین اور انکو دو اقسام مین تقسیم کرتے ہین۔ ایک فالس یعنے جھوٹھا یا نقلی
دوسرا ٹرو یعنے اصلی فالس رِنگ بون اسکو کہتے ہین کہ جو گانٹھ سے تعلق
نہین رکھتا۔ اور ٹرو رِنگ بون اُسے بولتے ہین کہ جو گانٹھ پر دخل دیتا ہے
پھر رِنگ بون کو ہائی اور لو یعنے اونچا اور نیچا قرار دیتے ہین جب وہ اس
سعزائی جی نس۔ اور اوس کارونی یعنے گامچی کی بڑی ہڈی کے

زیرین اور پچھلی کے بالائی سروں پر واقع ہوتا ہے تب اسکا نام ہائی

FIG. 31.—NEAR FORE DIGIT OF A GREY ARAB STALLION, showing development of High Ringbone. (From a Photograph.)

رینگ بون یعنی بہت اونچا چھلا اول اور جب اس کا دوئی

اور آس پیڈیس یعنے ٹاپی کے چھوٹی ہڈی اور سم کے اندرونی ہڈی



FIG. 92.—"True" Ringbone

کے بالائی کنارے پر پیدا ہوتا ہے تب اسکو لوررنگ بون یعنے نچلا چھلا اول

کہتے ہیں بعض دفعہ رنگ ورم میں تمام ناخنوں پر یکسان لاحق ہوتا ہے بلانا یوری کیولز بون پر بھی دخل دیتا ہے۔ علاوہ ازین رنگ ورم کو پارشل اور کمپلیٹ بھی کہتے ہین۔ پارشل تب کہتے ہین کہ جب ناخن کے کسی ایک حصہ پر ہوتا ہے اور کمپلیٹ جب ناخن کو گھیر رکھتا ہے۔

CLINICAL CHARACTERISTICS.

کلی۔نی کل خاصیتین

بموجب تحقیقات کے رنگ ورم ہاتھ کے پیرون کی نسبت بچھلے پیرون پر زیادہ لاحق ہوتا ہے اور اسکے پیدا ہونے میں ایک قسم کے کمزورون مین ہوتی ہے لیکن بچون مین زیادہ اور بوڑھون مین کم اور یہ شروع ہونے کے بعد خواہ جلد بڑھتا اور شدید ہنگ پیدا کرتا یا آہستہ آہستہ بڑھتا اور ہنگ پیدا نہین کرتا مگر اسکی دشوار حالت مین شدید ہنگ پیدا ہوتا ہے ہر ایک قسم کے رنگ ورم کو اَن ساونڈنیس یعنے تندرستی قرار دیتے ہین۔

CAUSES.

اسباب

رنگ ورم کے پیرڈسپوزنگ کازیس یعنے اصلی طرف جھکنے سے رجوع ہونے کے اسباب کمزوری کا پچی۔ بدشکل بناوٹ اور کھڑے کی ناخن کے لٹکنگ آوڈر کے سبب رہ بعات مین تاؤ پہنچتا اور آسی ہنگ

علامات

ڈائی اے تھی سِس کے موروثی خاصیت وغیرہ ہین - ۱۱. ایکسیڈنٹل کاززیعنے اتفاقی اسباب ضرب اور دبا ہین پچھلے پاؤن کا رنگ بون فیلکس ریلی ڈس پروفونڈس ٹینڈنز کے ہڈی پر ضرب پہنچنے سے ہوتا ہے ۔

SYMPTOMS.

علامات

اسکی علامتین وہ ہین یعنے مقام ماؤف پر سختی ابھار اور رفتار مین لنگ۔ مگر ایک یہ بات یاد رکھنا چاہیے کہ بعض نسل کے گھوڑون مین خصوصاً ٹٹوون مین گامچی کی پچھلی ہڈی کے زیرین سرے کے دونون بازو کے ابھار خود بخود بڑے ہوتے ہین اور اس مرض کی تشخیص کے لئے جب یعنے [illegible] والے گھوڑے کا پاؤن دیکھنا ہو تو اسکی ایڑی کے اوپر کے نشیب پر ہاتھ لگا کر گامچی کے پچھلی طرف کو بخوبی ٹٹولنا چاہیے ۔

Fig. 52.—High Ringbone.

ہائی رنگ بون یعنے اونچے چل اول کا تصویر ۔

رنگ بونز کا۔ ذیری جوینٹ یعنی سم کے جوڑ کے نیچے سے اُبھار پیدا

FIG. 31.—Near Fore Digit of the Horse, showing development of "Low Ringbone" and disease of the coronary band. (From a Painting.)

کرتے ہیں بعض دفعہ قدم کا ہادی پیر ڈوری یا بعض دفعہ ایڑی ڈوری ہوتا ہے۔ دیکھو تصویر

TREATMENT.

علاج

جب ایڈن ٹی فلو خشک ہو درد ہو سوزش اور ادویات سے فائدہ نہ ہو تو نیا ورڈ شگاف دینے والوں میں نیوروٹومی کا اپریشن کرنا چاہیے۔

EXOSTOSIS OF PYRAMIDAL PROCESS OF OS PEDIS.

آس پیڈس کے پرامیڈل پروسیس کا ایکس اسٹوسس



FIG. 45. —Exostosis of pyramidal process of Os Pedis (Original)

بھون پر زور سے چوٹ لگنے کے سبب سے پیدا ہوتا ہے ۔

SYMPTOMS.

علامات

اس حالت میں سنگ یعنی ناٹیس کی قسم پیدا ہوتا ہے یعنے گھوڑا ایڑی



Fig. 36.—Exostosis of pyramidal process of Os Pedis (Original)

پر بوجھ ڈال کر چلتا ہے اور سم آگے سے پیچھے کے زیادہ سمت تنگ ہو جاتا

ہے اور دونوں بازوؤں پر کسی قدر چپٹا ہوتا ہے اور بعض ہڈی کے متعلق کا
سم پیسٹرن کی سطح پر کسی قدر اُبھر جاتا اور بعض دفعہ اُبھر نشان بھی ہو جاتا ہے
رنگ بون میں بعض دفعہ سم کا ہائی پرڈونی اور بعض دفعہ ایپرڈونی ہو جاتا ہے

TREATMENT

عـــلاج

چونکہ اس حالت میں گھوڑا ایڑی کے بل چلتا ہے اسلئے اسکی سم پر راکنگ شو یعنی جھومنی والی نعل لگانا چاہئے اور سم کے ٹو کی طرف سے بوجھ یا دباؤ ہٹ باز رکھنے کے لئے وہاں کے نعل کو مع کلیپ کے تھوڑی دور تک کاٹ ڈالیں اور کلیپس کو دونوں کوارٹرز یعنی بازوؤں لیٹرل لگا دیں اور ہیل کی طرف سم کو ریت ڈالیں اور بعد ٹھنڈی پٹی وغیرہ کے سم کے صبون کے اوپر چار بار بلسٹر لگا دیں اور علاوہ ازیں رکھنے کے روغنی کا بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔

جب گھوڑے کی اس بیماری یعنی سم کی ہڈی کی چپٹی کے بالائی اُبھار پر اکسیس ٹوسس پیدا ہوتا ہے تب اُس سے چھاؤ پر کام لینا چاہئے

"SIDE BONES".

سائیڈ بونز

ایک نام ہے سم کے لیٹی رل کارٹی لیج کے آس سی فی کیشن

سائیڈ بون

کو مشہور کرتے ہیں اور جس سے یہ معلوم کرنا چاہئے کہ سم کی ہڈی کے دونوں بازو کے حصوں کے غضروف ہڈی میں تبدیل ہو جاتی ہیں اور اس مقام سے ابھرا ہوا اور نہایت سخت معلوم ہوتا ہے اور اس سی فی کیشن مذکورہ ہڈی کے بیچ یا اصلی منبع سے یا خود اس پیڈس کے وسط سے شروع ہو کر ہڈی تک پہنچتا ہے اور بعض دفعہ ہڈی مذکورہ کے پیش کے سرے سے شروع ہوتا ہے ۔



Fig. 57. "Side bones" Antero-lateral aspect (Original)

Fig. 58.—"Side bones" Postero-lateral aspect (Original)

سائیڈ بونز حقیقت میں آسٹی او فائیٹس کی جماعت میں شمار

کی جاتی ہین مگر چونکہ بعض دفعہ اُنکی پیدایش آئس پیڈسس سے بھی شروع ہوتی ہے اسلئے اُنکو اسکی او میتا مین بھی شمار کرتے ہین - سائیڈبونز اکثر اگلے پیرون مین اور اندر کیطرف کی گُرگی مین لاحق ہوتے ہین شاذ و نادر پچھلے پیرون مین بھی ہو جاتے ہین گھوڑے کے پاؤن کے اندر کیطرف کی گُرگی خاص جسم کے بوجھ کے نیچے اور دوسرے پاؤن سے پامال ہونے کے قابل ہے •

ایک اور سبب یہ ہے کہ اُسمین سوزش کا پیدا ہونا سپ یورٹنگ کارن - اور کوئیٹر کا ایک نتیجہ بارہا یہ مرض موروثی خاصیت کے سبب سے پیدا ہوتا ہے •

SYMPTOMS

علامات

سائیڈبونز کے ہمراہ خود لنگ ہونا ہے اور اکثر ہلکا اسکی سوزش جاتی رہتی ہے تو لنگ بھی نہین رہتا مگر بعض دفعہ اسقدر شدید لنگ پیدا ہوتا ہے کہ اسکو صدمہ سے گھوڑے کو ٹرامیٹک فیور ہو جاتا ہے اور اس حالت مین گُرگی ٹھکور پر دباؤ پہنچانے سے درد ظاہر ہوتا ہے اور اکثر جب سائیڈبون گُرگی کے پیش کے حصہ پر لاحق ہوتا ہے تو زیادہ لنگ پیدا ہوتا ہے اسی مرض کو اُسکے اوّل درجہ مین ان سیپی اینٹ سائیڈبون کہتے ہین مستغفر سائیڈبون [illegible] اور بعض دفعہ ڈیفیوز یعنے پھیلا ہوا ہوتا ہے •

سائیڈبون کے بڑے یا چھوٹے قدر پر زیادہ یا کم لنگ ہونا منحصر نہین ہے •

RESULTS.

نتائج

شدید سائڈبون کے سبب سے سم کے بازوؤں کا حصہ جسکو آمرڑ کہتے ہیں ایڑی کی طرف تنگ ہو جاتا ہے اور سم کی تلی میں تھرش یعنی زخم اکثر ہو جاتا ہے •

TREATMENT.

علاج

بعد دفع سوزش ادویات کے اسپیر بلسٹر کا لگانا داغ دینا یا پنچ کرنا مفید ہے گو کہ پنچ کرنے کا رواج کم ہے لیکن اس سے وہی مطلب حاصل ہوتا ہے جو ہر ہڈی میں پیری اس ٹی آٹومی سے ہوتا ہے یعنی اسکے ورم کا تناؤ کم ہو جاتا ہے فرانس کے وٹیری نیری آنزاسٹی آٹومی کا سفارش کرتے ہیں چونکہ اس حالت میں سم کی ایڑی تنگ ہو جاتی ہے اسلئے اسپر آسانی سے بوجھ رکھنے کے لئے نعل کے کھونٹے کو چوڑا اور کشادہ رکھنا چاہیئے •

JURISPRUDENCE.

جیوریس پروڈینس یعنے علم متعلق عدالت

اگر سائیڈبون ہو بڑا بڑھا یا ہو اور چھوٹا ہو اور اسکے ساتھ لنگ موجود نہ ہو یا سم کی شکل اور بناوٹ مین کسیطرح کی تبدیلی نہ ہوئی ہو تب اسکو آن ساؤنڈنیس یعنے تندرستی کی حالت نہ ٹھہرانا چاہیے ۔ لیکن اسکے سم کی شکل مین اگر تبدیلی ہوگئی ہو یا سم کی ایڑی نیچے اور کمزور ہو تو سائیڈبون کو ضرور آن ساؤنڈنیس مقرر کرنا چاہیے ۔

TARSAL EXOSTOSIS.

ٹارسل ایکس اس ٹوسس یعنے گھٹنے کے مرض استخوانی بڑھاؤ

اگرچہ ایکس اس ٹوسس ہاک کے کسی ایک ہڈی پر یا اسکے کل ہڈیوں پر واقع ہوسکتے ہیں تاہم یہ اکثر اس کانٹہ کے پیشیں اور زیرین اور اندرونی سطح پر جو سیٹ آف بون اسپاون پر ہی پیدا ہوتے ہین ۔

ہیں تینوں کیونی فارم بونز۔ مگر خاص کر میڈیکم اور پاروم یعنے درمیانی اور

Fig. 58.—Tarsal Exostosis (From a Photograph).

چھوٹی اور لا وہنج اور انٹیرنل اسمال سٹی ٹارسل بونز یعنے ٹخنے کی ہڈی یا

اندرونی چھوٹی ہڈیوں کے اوپر کے سروں پر لاحق ہوتے ہیں۔ ہاک کے بیرونی رخ

Fig. [illegible].—Exostosis affecting all the bones of the Hock, accompanied with Caries. (From a Photograph).

کے ایکس اس ٹوسس اکثر ضرب کے سبب سے پیدا ہوتے ہیں اور جو سبب

کلینک کے لحاظ انوسینٹ یعنے بے خلل قرار دیتے ہیں - کیونکہ سطرف کی لگمینٹ ایسی نہیں کرتیں جو انکے سبب خلل واقع ہو - مگر وہ ایکس آسٹوسس جو ہاک کے پیش اور زیریں اور اندرونی سطح پر ہوتے ہیں سو اکثر لنگ پیدا کرتے ہیں اور یہ بون اسپاون یعنے ہڈا کے نام سے مشہور ہیں - بعض وقت اسپاون ہاک کے اندرونی سطح کے نیچے حصہ پر پیدا ہوکر انفیریئر ٹارسل لی گمنٹ یعنی وتر میں دخل دیتا ہے •

CLINICAL CHARACTERISTICS.

کلی نی کل خاصیتیں

ہڈا صرف گھوڑے ہی میں نہیں ہوتا - بلکہ بیل اور بھینس میں خصوصاً ان میں جو گاڑی میں جوتے جاتے ہیں اور کسی ایک اور گھریلے جانوروں میں بھی پیدا ہوتا ہے - چھوٹے اقسام کے جانوروں میں یہ مرض کا ایک نتیجہ کہ ہڈا بغیر لنگ کے آہستہ آہستہ پیدا ہو سکتا ہے - مگر برعکس اسکے بہت دفعہ ایک خفیف ہڈا شدید لنگ پیدا کرتا ہے - مثلاً ہڈا القیاس لنگ کا ہونا ہڈے کے بڑے یا چھوٹے ہونے پر منحصر نہیں ہے گو کہ گھوڑے میں ہڈے کے سبب لنگ خفیف ہوتا ہو - گھوڑا تو تندرست گھوڑے کے برابر تیزی میں دوڑ سکے گا اور نہ دیا اور بچا کو دے گا - علاوہ ازیں ہڈے والے گھوڑے کو بہت روز تک آرام دیکر یکایک زیادہ محنت لینے سے پھر شدید لنگ دینا شروع کر دیتا ہے •

PATHOLOGY.

پیتھالوجی یعنے مرض کی اصلیت

بون اسپاون بموجب بعض مصنفوں کی تحریر کے **ہاک** کی چھوٹی ہڈیوں کے گانٹھ کو متعلق سطحی پر پیدا ہوتا ہے اور بہت دفعہ ان سطح پر کیریز کی قسم شروع ہوکر گانٹھ کے باہر گزر جاتا ہے مگر **اسپاون** بلا **سینڈیس مائی ٹِس** - یا **پیری آسٹائی ٹِس** - یا **آس ٹائی ٹِس** - یا **آرتھرائی ٹِس** کے طور پیدا ہو سکتا ہے - **برلین وٹیری نیری اسکول** کے **پروفیسر ڈی ایک آرنات صاحب*** سکھلاتے ہیں کہ اس مرض میں **فالسیر** سے لے تمام رسالی کی اندرونی شاخ کے **ان سرشن** یعنے جڑاؤ کے نیچے کا رسا پیشتر ہی **ماؤف** ہو جاتا ہے - اور اس مقام کے کسی ایک حصہ میں خراشش کے پیدا ہونے سے اسکے متعلق کے کسی دوسرے حصہ میں بھی **سوزش** پیدا ہو سکتی ہے ॰

PATHOLOGICAL ANATOMY.

پےتھولاجی کل این ا ٹو می

موت کے بعد کی تشریح سے اکثر وہ گانٹھ ماؤف پائی جاتی ہے کہ جو **کیوبی**

* Die Pathologie und Therapie des Spats der Pferde, 1873.

فارم بونز کے درمیان ہوتی ہے اور بعض وقت زیرین کیوبی فارم اور
مے کے ناویکل بونز کے درمیان کی اور شاذ و نادر بالائی کیوبی فارم اور
اسٹریگیلس کے درمیان کی گانٹھ کا حصول ہونا بھی ظاہر ہوتا ہے اور بارٹی
کیولر کارٹی لیجز پہ گانٹھ کے ظروف دیکھنے میں - ای ڈم اے ٹش
انسر ایشو - اور کیری آس نظر آتی ہیں اور ہڈیوں کے گانٹھ دار سرے
ریزے استخوانی بڑھاؤ کے سبب سے ٹکڑے یا این کی لو سیشن ہو کر ہڈیاں
بالکل بگڑ جاتی ہوئی ہڈیوں میں رگڑ کے سبب سے چکناہٹ پائی جاتی ہے -
سنو وی ال کیپ سیول میں سوزش اور اسکے بے پی لی کا ہائی
پرٹروفی اور اسکی بناوٹ خواہ ریشے دار - یا گرسی دار یا استخوانی ہو جاتی ہے اور
گانٹھ کے گرد پیری آسٹی ام میں سوزش ہونے کے سبب سے استخوانی
مادہ نشین ہو جاتا ہے اور اسکے گرد کے رباطات میں بھی یہی حالت واقع ہو سکتی
ہے - بس تمام ہاؤف کی ہڈی - ہڈی سینو وی ال کیپ سول پیری
آسٹی ام - اور گرد کے رباطات میں ریشہ دار تبدیلی نمودار ہوتی ہے •

PREDISPOSING CAUSES.

پری ڈس پوزنگ کاذز یعنے پیشتر
سے مرض کی طرف مایل ہونے کے اسباب

زوالاً آسی ٹانک ڈائی اے تھی سس - جو خاصکر گھوڑے میں
ہریک جن کا ایکس آس ٹو بیسس پیدا کرتا ہے •

دوئم - اے ٹے ٹامی کل - کان فارمے شن یعنے بیعانی بناوٹ کی مطابقت چنانچہ ہاک یعنے گھوچ کی لمبائی - چوڑائی - موٹائی - خم اور رخ میں ایک دوسرے سے مطابقت نہیں - پس ویسے گھوڑے جنکے گھوچ کو آگے ہاک کہتے ہیں - اسپاوِن ہونے کیطرف زیادہ مائل ہوتے ہیں کیونکہ اُنکے ہاک کے اندرونی طرف کی ہڈیوں کی لی گے مینٹس اور پیری آسٹی ایم میں زیادہ تناؤ پہنچتا ہے - اور اُن گھوڑوں میں بھی رہتے ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے کہ جنکے ہاکس - تنگے اور سیدھے ہوتے ہیں اسلئے کہ چھلے اور سیدھے گھوچ والے گھوڑے کی نسبت جاری اور معمولی گھوچ کا گھوڑا بہتر ہے - بموجب پروفیسر ولی ایمز صاحب کے اسٹرائی گیلس پر بنیاد کا ایک خاص طرح کی حرکت بڈ پیدا کرنے کی طرف مائل کرتی ہے ۔

ایک اور بڑا سبب بناء کی طرف مائل کرنے کا یہ ہے کہ ہاک کی ہڈیوں کا ایک خاص طرح کا تقسیم ہونا - ترتیب اور بناوٹ کیونکہ جسم کا زیادہ بوجھ ہاک کے اندر کے حصہ پر ہوتا ہے - اس طور پر کہ چھوٹی کیوبی فارم ہڈی عین جسم کے بوجھ کے نیچے ہے اور اس ہڈی کا سارا بوجھ اندر کے اسپلنٹ بون کے سر پر پڑتا ہے علاوہ ازیں بیرونی اسپلنٹ بون کی نسبت اندر والی کا سرا چھوٹا ہے - شاید اس باعث سے بھی مقام مذکورہ کیطرف مائل ہوتا ہو بیرونی اسپلنٹ بون کا سرا صرف کیوبائیڈ کے بوجھ کو سہارتا ہے اور کیوبائیڈ کے اوپر صرف آس کیلیس لگا رہتا ہے - اور ہڈی مذکورہ کو کسی اور ہڈی کا خاص بوجھ اٹھانا نہیں پڑتا علاوہ اسکے گھوچ کے گانٹھ کے باہر کے حصہ کی نسبت اندر کے حصہ کی بناوٹ زیادہ پیچیدہ ہے - اور اندر کے حصہ پر باہر کے حصہ کی نسبت زیادہ ضرب بھی پہنچ سکتا ہے ۔ ڈی اے گراف صاحب گھوڑے

ے ہم ٹانگ کے خاص حصے کی بناوٹ کے ذکر میں بیان کرتے ہیں کہ محدب قسم کا ہاک یعنی جیلے جوڑ کے زیرین حصہ پر ایک خفیف ابھار رہتا ہے اکثر اسپاون سے ماؤف ہوتا ہے۔

پس ایسے گھوڑے میں اسپاون اکثر گھٹنے کے اندر ہی کی طرف واقع ہوتا ہے۔

سوئم اسپاون کے پیدا کرنے میں خاص قسم کے امراض جیسا کہ ریو ماٹیزم - انفلوانزا وغیرہ اور جانوروں سے مختلف طرح کا محنت لینا ایک خاص طرح کا اثر پہنچاتا ہے۔ چنانچہ وہ گھوڑے جنسے سڑکوں پر اور پہاڑی علاقوں میں کام لیا جاتا ہے۔ ان میں اکثر اسپاون پیدا ہوتا ہے اور بعضوں میں نسل بندی کی بدانتظامی کے سبب بھی اسپاون کے پیدا کرنے کا کچھ اثر پہنچ سکتا ہے اور گھوڑے کی تیزمزاجی بھی ایک پری ڈس پوزنگ کاز ہے کیونکہ ایسے گھوڑے محنت کے وقت زیادہ تیزی سے مشقت کرتے ہیں جس سبب سے پاؤں کے ان حصوں پر زیادہ دھمک اور تناؤ پہنچتے ہیں۔

SYMPTOMS.

علامات

جب جوڑے کے سبب سے لنگ ہوتا ہے تب گھوڑے کو کچھ وقت تک آرام دینے کے بعد لنگ زیادہ ظاہر ہوتا ہے اور زیادہ مشقت لینے پر بھی لنگ کی زیادتی ہوتی ہے۔ بعض دفعہ گھوڑا زمین پر اپنے سم کو موڑ کر اور پیٹھ جھکا کر کھڑا ہوتا ہے اور اگر تھان میں کھایا جاوے تو زمین پاؤں کو جھٹک سے اوپر اٹھا لیتا ہے اور بعض

علامات

پاؤن کی طرف اپنے پاؤن کی طرف جھکا دیکر کھانے سے لنگ زیادہ نمودار ہوتا ہے گھوڑے کو تھان سے بیشتر نکالنے کے وقت وہ اپنے سم کی نوک کو زمین مین گھسکر اٹھاتا ہے اور ہاک کو نہین موڑتا اگر تھوڑا دور چلانے پھرانے کے بعد اسکا لنگ بہت کم یا بالکل نہین معلوم ہو۔ بہت سے بڑے ہاک والے گھوڑے جو عام قسم کے کام کرنے مین لنگ نہین دیتے۔ سو بعد دور سے چہارتک دوڑانے یا تیز دلکی دینے کے یکدم روک لینے پر لنگ دینے لگتے ہین اور بہت سے اسپاوِن والے گھوڑے قدم قدم چلنے پر لنگ نہین دیتے مگر دور سے دُلکی یا چہارتک دوڑانے پر لنگ دینے لگتے ہین۔

اِسپاوِن کو ٹٹولنے کے لئے ہاک پر ہاتھ لگانے کے وقت خیال رکھنا چاہئے کہ گھوڑے کے دونون پچھلے پاؤن برابر زمین پر ہون اور ہاک کو پیشتر پیش کیطرف سے اندر ہاتھ ڈالکر اور بعد مین پیچھے کیطرف سے ہاتھ لگا کر دیکھنا چاہئے۔

اور اسے ٹوٹنے کے وقت یہ تجویز کرنا چاہئے کہ ہاک میں کچھ گرمی یا درد ہے

Fig. 61.—Method of Examining for Tarsal Exostosis—Anterior position. From a Photograph.

ہے کچھ نازکی ظاہر ہوتی ہے یا نہ۔ بعض میں ایک خفیف ابھار ہاتھ کے نیچے

خصوصاً اس مقام پر کہ جہاں وہ ست ں اتھیں یعنی رباطات کی ہوں ش



FIG. 92.—Method of Examination ... Lateral ... (From a Photograph.)

سے پیدا ہوتا ہے یا معلوم ہوتا ہے اگر ہاک کر اسپاون کے لئے خوشنے

اور اسے پرکھنے کے وقت یہ تجویز کرنا چاہئے کہ ہاک میں کچھ گرمی یا درد ہے



Fig 61.—Method of Examining for Tarsal Exostosis Anterior position: from a Photograph.

ہے کچھ نازکی ظاہر ہوتی ہے یا نہ۔ بعض میں ایک خفیف ابھار ناڑہ کے نیچے

زخم مماس مقام پر جہاں وہ سخت مس یا پیس بیچ رباطات کی پرورش



سے پیدا ہوتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے اگر ناک کو اسپادن کے لئے تو نے

علامات

پڑلی بغیر ایکسا سٹوپیس کے معلوم ہوتا ہم اسپاون کے علامات موجود ہوں تو ایسی حالت کو ان سی لی اینٹ اسپاون کہنا چاہیے۔ علاوہ ازین اس مقام پر دو جوف کا تلاش کرنا چاہیے یعنے ایک مڈل کیولی فارم اور للرج سٹے ٹارنس کے درمیان اور دوسرا کیولی فارم سگنیم اور مینڈبی عام کے درمیان اگر یہ جوف برابر ہو گئے ہوں تو وہاں اسپاون کی موجودگی ثابت ہوگی مگر بعض دفعہ اسپاون ان دو جوف کے پیش یا پیچھے کیطرف بھی ہوتا ہے

اور بعض میں اسپاون میں پیش کیطرف بڑے سٹی ٹارسل بون کے سر پر پیدا ہوتا ہے اور شاذ و نادر نگاہ پر نہیں پڑتا مگر اس مقام کا اسپاون اگر کیولی فارم بون پر دخل نہ دے یا اکسٹنسر فلکسر سٹے ٹارسائی ٹنڈن کی رکاوٹ نہ ہوتی تو وہ لنگ نہیں پیدا کرتا۔ بعض دفعہ جب اسپاون ہاک کے پیچھے کیطرف اندرونی اسپلینٹ بون کے سر اور کیولی فارم یا دوم کے نچلے کنارے پر ہوتا ہے تب لنگ بہت خفیف نمودار ہوتا ہے زیادہ لنگ اسی حالت میں ہوتا ہے کہ جب اسپاون سامنے کے کیولی فارم بونز اور سٹے ٹارسل بونز کے سروں کے درمیان کی گانٹھ پر دخل دیتا ہے۔

اسپاون کے پیدا ہونے کے ساتھ اس مقام میں گرمی کم و بیش درد اور ورم موجود رہتے ہیں خاصکر جب اسپاون ہاک کے حرکات پر دخل دیتا ہے۔

اسپاون کے تلاش کے لیے ہاک کے کل حصوں کو ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا اور انگلیوں سے ٹٹولنا چاہیے بلکہ ہاک کو موڑ کر اور آگے بڑھا کر بھی دیکھیں اسپاون میں ہاک کو موڑنے سے زیادہ درد نہیں معلوم

ہو۔ تا جیسا کہ ہاک جائنٹ کے کیپ زمین ظاہر ہوتا ہے۔ لیکن بعض بعض مین
کریپی ٹیشن یعنے کرکراہٹ کی موجودگی ہو سکتی ہے۔ گھوڑے مین بڑا
دائم لنگ یا بغیر لنگ کے اور شدید لنگ بغیر کسی ظاہری ابھار کے ہوتا ہے مگر
حالت کو آکلٹ اسپاون یعنے پوشیدہ کہا کرتے ہین مگر صرف تب ہی لنگ
کی موجودگی کو بڑے کے سبب سے ہونا قرار دے سکتے ہین کہ جب ایکسکلوژن
اور حس کے متعلق علامات اور پیر کے کل عضون کو احتیاط سے تجویز کر کے خاطر
خواہ حاصل کر لی ہو۔

بڑے والے گھوڑے کے ہاک کو بعض دفعہ سختی کے ساتھ موڑنے کی
وجہ یہ ہے کہ استخوانی بڑھاؤ ہاک کے پیش کے حصے پر موڑنے کے وقت
روک پیدا کرتا ہے اس لئے جانور گھوڑے کو بخوبی موڑنے سے باز رکھتا ہے۔

DIAGNOSIS

تشخیص

گھوڑے مین اسپاون کے سبب ایک خاص قسم کا لنگ پیدا
ہوتا ہے جو تھان کے اندر پھرنے اور باہر ڈھلی دینے پر ظاہر ہوتا ہے۔ اولاً
گھوڑے کو تھان مین مریض پاؤن کی طرف سے اچھے پاؤن کیطرف جلد گھمانے
پر مریض پاؤن کو جھٹکے سے اوپر کھینچ کر اٹھا لیتا ہے یا ہاک جائنٹ
بخوبی نہ موڑنے کے سبب سے باہر ڈھلی دینے پر مریض پاؤن کو اوپر کھینچ کر قدم
ڈالتا ہے یا برعکس اسکے آہستہ آہستہ ڈھلی دینے پر ہر ایک قدم مین ڈگمگا
مریض پاؤن کے سُم کے ٹو کو زمین پر رگڑ کر اٹھاتا ہے۔

تشخیص

دوم تیز دوڑکی دینے کے بعد اسکو یکایک روک لینے سے بھی وہ اُس سم کے
ٹو کو زمین پر گھسیٹکر اٹھاتا ہے۔ اور ایسے گھوڑے کے سم کے ٹو مین زمین
پر گھسٹنے کے سبب سے اکثر رگڑ کا نشان معلوم ہوتا ہے جس سے باہم اور علامات
کے تشخیص مین مدد ملتی ہے گھوڑے کو آرام دینے کے بعد تیز دوڑکی دینے پر یا دیوار
وغیرہ کو دانے پر لنگ زیادہ ظاہر ہوتا ہے۔ نظر کے نیچے ایک دوسرے ہاک
کے مناسبت اور ہمواری مین فرق اور جب مرض کی پیدائش کو عرصہ گذرا ہو
تب مقام ماؤف پر ابھار ظاہر ہوگا اور ہاتھ سے ٹٹولنے پر تھوڑے دنون کے
اسپاون مین اگر سوزش موجود ہوگی تو گرمی اور کیونی فارم اور
میٹے ٹارسل بونز کے درمیان کے نشیب بھرے ہوئے پائے جاوینگے۔ اگر تشخیص
مین شک ہو تو دونو ہاک کا قالب یا سانچہ اُتارکر ایک دوسرے سے مقابلہ کرین
لیکن سانچہ لینے کے وقت گھوڑے کو پیچھے کیطرف احتیاط سے برابر زمین پر کھڑا کرین
بعض دفعہ اُس مقام کے بر ساتھ بڑھ جانے سے اسپاون کا دھوکھا ہوتا
ہے ٭

اسپاون کے لنگ مین ایک خاصیت یہ ہے کہ گھوڑے سے روزمرہ
برابر محنت لینے سے لنگ اکثر کم پڑجاتا ہے اور اسکو کچھ روز آرام دینے یا اُس سے
زیادہ محنت لینے پر لنگ زیادہ ہوجاتا ہے۔ اسپاون کی حالت مین ہاک
کو زیادہ موڑنے پر لنگ اسقدر زیادہ نہین بڑھتا جیسا کہ اُسکے کیریز اور ٹی
بیو اسٹراگے لی آن جائینٹ کے سوزش مین ہوتا ہے ٭

PROGNOSIS.

پیش گوئی

اسپاوِن کی پیش گوئی اوّلاً گھوڑے کی عمر دوئم اُسکے پیشتر علاج پر سوم اُبھار کے مقام پر منحصر ہے ۔

(۱) نئے گھوڑون مین بہ نسبت پرانے یا آٹھ برس سے زیادہ عمر کے گھوڑون کے اسپاوِن کی پیش گوئی کم خاطر خواہی سے ہو سکتی ہے اور برعکس اسکے جب پرانے گھوڑون مین اسپاوِن جم جاتا ہے تو وہ اکثر قائم رہتا ہے۔ آٹھ برس سے زیادہ عمر کے گھوڑون مین اسپاوِن کی موجودگی سے غالب ہے کہ کسی وقت لنگ شروع ہو جانے کو گو اُس گھوڑے کے پیشتر [illegible] دیکھنے کے وقت موجود نہ ہو۔ گو پرانے گھوڑون مین یہ خاصیت کم پائی جاتی ہے اسکا سبب یہ ہے کہ پرانے گھوڑون مین کل ایکس آسٹیوسس یعنی مرض استخوانی ہو جانے کے گرد ایک نہایت سخت کیلس وہ پیدا ہو کر ایک مصنوعی کِلاسپ یعنی شکنجہ جوڑ کے گرد نواح کی بناوٹ مین جکڑ کر باہم جنبش [illegible] پٹھون کے آگے بناوٹ خود ہی جڑی ہوتی ہے اس لئے اُس کو اسپاوِن نہین قرار دے سکتے ۔

(۲) جانور کے پیشتر کے علاج و مرض ملاحظہ کے ٹھہرانے مین بہت مدد ملتی ہے

(۳) مرض کا مقام بھی ایک نتیجہ رہتا ہے جو پیش گوئی کیواسطے [illegible] کے اسپاوِنز جو مٹے ٹارسل بونز کے سرون اور کیونی فارم کے آرٹی کولیشنز پر واقع ہوتے ہیں زیادہ لنگ پیدا کرتی ہین اور وہ اسپاوِنز جو ہاک کے پچھلے حصون پر بغیر [illegible]